نماز کے بعد کے اذکار

اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے۔

(ایک بار) صحیح بخاری:842

أَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ

میں اللہ سے بخشش طلب کرتا ہوں۔

(تین بار)صحیح مسلم:1334

اللَّهُمَّ أَنْتَ السَّلاَمُ وَمِنْكَ السَّلاَمُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلاَلِ وَالإِكْرَامِ.

اے اللہ تو(سراپہ) سلامتی ہے اور تجھ ہی سے سلامتی (حاصل ہوتی) ہے تو بڑی برکتوں والا ہے اےجلال واکرام والے۔(صحیح مسلم:1334)

رَبِّ أَعِنِّيْ عَلَى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ.

اے میرے رب اپنا ذکر کرنے شکر کرنے اور بہترین انداز میں عبادت کرنے میں میری مدد فرما. (سنن النسائی:1304)

لَا إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ، وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ.

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں. اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے. (صحیح مسلم:1380)

لَا إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ، وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ، اللَّهُمَّ لاَ مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلاَ مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلاَ يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں بادشاہت اسی کے لیے ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے اے اللہ جو تو عطا کرے اسے کوئی روک نہیں سکتا اور جو تو روک لے وہ کوئی دے نہیں سکتا اور کسی بھی دولت مند کو تیرے مقابلے میں اس کی دولت کوئی فائدہ نہیں دے سکتی .

(صحیح بخاری:6330)

لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلاَّ بِاللَّهِ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَلاَ نَعْبُدُ إِلاَّ إِيَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے.گناہ سے بچنے کی ہمت اور نیکی کرنے کی قوت اللہ تعالی کے سوا کوئی دینے والا نہیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہم صرف اسی کی عبادت کرتے ہیں اسی کی ساری نعمتیں ہیں اوراسی کا فضل ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہم خالص اسی کی عبادت کرنے والے ہیں اگرچہ کافر ناپسند کریں .

(صحیح بخاری:1371)

سُبْحَانَ اللہ (33x) **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** (33x)

اَللّٰہُ اَکْبَر (34x)

آیت الکرسی

سورہ الاخلاص، سورہ الفلق، سورہ النا س

سنن ابی داؤد: 1523